© rasailojaraid.com



دانستہ پھیلائی گئی غلط باتوں کی تکذیب کریں اور غیر مسلموں کے سامنے دین حنیف کی تصویر پیش کریں۔

اس ویب سائٹ پر پیش کردہ مواد مختلف موضوعات کا احاطہ کیئے ہوئے ہے۔ اس میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم النبین ﷺ کی حیات طیبہ کے مختلف ادوار اور اس کے فیوض و برکات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

اسی ویب سائٹ میں ''Kids'' کے زیر عنوان، قرآن کریم اور اسلامی تاریخ سے منتخبہ بہت ساری سبق آموز کہانیاں درج ہیں۔ اس ویب سائٹ پر اب تک ۸۰ دینی کتب اپ لوڈ کی جاچکی ہیں اور مزید اپ لوڈ کی جائیں گی۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۷ر جنوری ۲۰۰۳ء)

## جرمن زبان میں قرآن کریم کا نیا ترجمہ:

جرمن زبان میں قرآن مجید کے کئی ترجمے موجود ہیں۔ لیکن مرکز اسلامی (P.O.Box1008 10-5200,Aachen,Germany) نے علمی نہج کے ایک نئے ترجمے کی ضرورت محسوس کی اور عبداللہ صامت بو.نہایم اور ڈاکٹر ندیم عطاس الیاس کے سپرد یہ اہم کام کیا، مخلص کام کرنے والوں کی ایک جماعت نے یہ مبارک کام بڑی مستقل مزاجی سے پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔ اعلیٰ معیار کی طباعت اور وسیع پیمانہ پر نشر و اشاعت کے لئے یہ قیمتی ترجمہ مجمع الملك فهد لطباعة القرآن الكريم، المدينة المنورة کے سپرد ہوا، اس نے اپنے ماہرین کی طرف سے ترجمہ کی صحت کا اطمینان کر کے اس کی طباعت کا کام مکمل کر دیا۔ ضرورت مند حضرات درج بالا پتوں میں سے کسی ایک سے طلب فرما سکتے ہیں۔

(ماہنامہ الرائد، آخن جرمنی شمارہ نمبر ۲۴۰، جنوری ۲۰۰۳ء صفحہ ۴۵)

© rasailojaraid.com